پانی میں مٹی اور ریت بھی ہو، تو وضو و غسل ہو جائے گا؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-13456

تاریخ اجراء: 19 محرم الحرام 1446ھ /26 جولائی 2024ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے ہاں آج کل لائن میں جو پانی آرہا ہے اُس پانی میں تھوڑی سی مٹی اور ریت بھی ساتھ میں آرہی ہے، تو کیا اُس پانی سے وضو و غسل ہو جائے گا؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

جی ہاں! پوچھی گئی صورت میں اُس پانی سے وضو و غسل ہو جائے گا۔

چنانچہ فتح القدیر میں ہے: ”لا بأس بالوضوء بماء السیل مختلطا بالطین إن کانت رقة الماء غالبة، فإن کان الطین غالبا فلا۔“یعنی سیلاب کا پانی جس میں کیچڑ کی آمیزش ہو اُس سے وضو جائز ہے بشرطیکہ اس میں پانی کی رقت غالب ہو اور اگر کیچڑ غالب ہو تو جائز نہیں۔(فتح القدیر علی الهدایة، کتاب الطهارات، ج01، ص72، دار الفکر، لبنان)

بدائع الصنائع میں ہے: ”لو تغیر الماء المطلق بالطین أو بالتراب، أو بالجص، أو بالنورة أو بوقوع الأوراق، أو الثمار فیه، أو بطول المکث یجوز التوضؤ به؛ لأنه لم یزل عنه اسم الماء، وبقي معناه أیضا مع ما فیه من الضرورة الظاهرة لتعذر صون الماء عن ذلک۔“یعنی اگر مطلق پانی کیچڑ، مٹی، چونے، درخت کے پتوں یا پھلوں سے یونہی کافی دیر تک ٹھہرے رہنے سے متغیر ہو جائے، تو ایسے پانی سے وضو کرنا شرعاً جائز ہے، کیونکہ پانی کا نام اُس سے زائل نہیں ہوا، اور اس کا معنی بھی باقی ہے، اس کے علاوہ اس بات کی واضح ضرورت بھی ہے کہ پانی کا اس طرح کی چیزوں سے بچنا مشکل ہے۔(بدائع الصنائع في ترتیب الشرائع، کتاب الطهارة، ج01، ص15، دار الکتب العلمیة، بیروت)

جس پانی سے طہارت درست ہے اُس کی اقسام بیان کرتے سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ فتاوی رضویہ میں ایک مقام پر نقل فرماتے ہیں:”وہ پانی جس میں مٹی، ریتا، کیچڑ کسی قدر مل جائے جب تک اس کی روانی باقی ہو اعضا پر پانی کی طرح بہے۔“ (فتاوی رضویہ، ج02، ص544-543، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

بہارِ شریعت میں ہے:”اور اگر کوئی پاک چیز ملی جس سے رنگ یا بو یا مزے میں فرق آگیا مگر اس کا پتلا پَن نہ گیا جیسے ریتا، چونا یا تھوڑی زعفران تو وُضو جائز ہے۔“ (بہارِ شریعت، ج01، حصہ02، ص329، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

دارالافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net